# WILL of GOD
# 316

## مَیں خُدا کی مرضی کو کیسے جانُوں؟

"اور اِس جہان کے ہم شکل نہ بنو بلکہ عقل نئی ہو جانے سے اپنی صُورت بدلتے جاؤ تا کہ خُدا کی نیک اور پسندِیدہ اور کامِل مرضی تجربہ سے معلُوم کرتے رہو۔" **رُومیوں ۱۲:۲**

خُدا کی مرضی کو جاننا اور اُس پر عمل کرنا نہایت ضروری ہے۔ یسُوع جیسے بنیں۔ اُس نے کہا "کیونکہ مَیں آسمان سے اِس لئے نہیں اُترا ہُوں کہ اپنی مرضی کے مَوافِق عمل کرُوں بلکہ اِس لئے کہ اپنے بھیجنے والے کی مرضی کے مُوافِق عمل کرُوں" (یوحنا ۶:۳۸)۔ خُدا کی زیادہ تر مرضی کا اَطلاق سب اِیمانداروں پر یکساں طور پر ہوتا ہے۔ تاہم، اِیمانداروں کے لیے خُدا کی ایک اِنفرادی مرضی ہے جسے وہ بتدریج ظاہر کرتا ہے جب آپ روزمرہ کی وفاداری میں اُس کے ساتھ چلنے میں ترقی کرتے ہیں۔ آپ خُدا کی مرضی جان سکتے ہیں۔ وہ آپ کو فہم عطا کرے گا۔ "سارے دِل سے خُداوند پر توکُّل کر اور اپنے فہم پر تکیہ نہ کر۔ اپنی سب راہوں میں اُس کو پہچان اور وہ تیری راہنُمائی کرے گا" (امثال ۳:۵-۶)۔ آپ بائبل سے سب اِیمانداروں کے لیے خُدا کی عمومی مرضی کو جان سکتے ہیں۔ آپ اُس کی اِنفرادی مرضی کو اُس کے کلام اور ایک وفادار و فرمانبردار زِندگی کے غیر متضاد امتزاج کے طور پر جان سکتے ہیں۔ فرمانبرداری کی اِس بنیاد سے، آپ اپنے لیے اُس کی مرضی کا تعین اور اطاعت کر سکتے ہیں۔ باپ سے مانگیں۔ اُس کے کلام، اُس کی حکمت، اُس کے لوگوں اور اُس کے اِطمینان سے رہنمائی حاصل کریں۔ جب آپ خُدا کی مرضی کو جان جاتے ہیں تو اُس کی اطاعت کریں۔

**خُدا کی عمومی مرضی۔** خُدا کی زیادہ تر عمومی مرضی بائبل کے احکام، اصولوں اور مثالوں میں پائی جاتی ہے۔ بائبل آپ کی زِندگی کے لیے خُدا کی مرضی کو جاننے کا بنیادی ذریعہ ہے۔ "تیرا کلام میرے قدموں کے لئے چراغ اور میری راہ کے لئے روشنی ہے" (زبور ۱۱۹:۱۰۵)۔

۱۔ احکام۔ بائبل میں سب اِیمانداروں کے لئے بہت سے احکام ہیں جیسے کہ، "ہر وقت خُوش رہو۔ بِلاناغہ دُعا کرو۔ ہر ایک بات میں شُکرگُذاری کرو کیونکہ مسِیح یِسُوع میں تُمہاری بابت خُدا کی یہی مرضی ہے" (۱۔ تھسلنیکیوں ۵:۱۶-۱۸)۔ اور "چُنانچہ خُدا کی مرضی یہ ہے کہ تُم پاک بنو یعنی حرامکاری سے بچے رہو" ۱۔ تھسلنیکیوں ۴:۳۔ یسُوع نے کہا، "اگر تُم مُجھ سے مُحبّت رکھتے ہو تو میرے حکموں پر عمل کرو گے" (یوحنا ۱۴:۱۵)۔ احکام کے سیاق و سباق کو سمجھیں۔ پیدایش ۶:۱۴ میں خُدا نے نوح کو ایک کشتی بنانے کا حکم دِیا۔ خُدا نے آپ کو یہ نہیں کہا کہ ایسا کریں (یعنی کشتی بنائیں)۔ خُدا نے داؤد سے کہا کہ حَبرون کو چلا جا، ۲۔ سموئیل ۲:۱۔ خُدا نے آپ کو ایسا کرنے کو نہیں کہا۔ کِسی بھی حکم کو اُس کے سیاق و سباق سے ہٹ کر نہ لیں۔

۲۔ اصُول۔ آپ کو بائبل کے اصولوں پر عمل کرنا ہے۔ لُوقا ۱۶:۱-۱۳ میں اچھا مختار ہونے کا اصُول ہے۔ لُوقا ۱۴ باب کے آخر میں شاگردیت کی قیمت ہے۔ لُوقا ۱۵ باب کی تمثیلوں میں کھوئے ہُوؤں کو ڈھونڈنے کا اصُول ہے۔ بائبل کے اِن اور دیگر اصولوں پر عمل کریں۔

۳۔ مثالیں۔ بائبل کے احکام اور اصول آپ کو اپنی زندگی کے لیے خُدا کی عمومی مرضی فراہم کرتے ہیں۔ بائبل میں ایسی مثالیں موجود ہیں جن کی پیروی کرنی ہے۔ خُداوند یسُوع کی زِندگی بہترین مثال ہے۔ یسُوع نے اپنے شاگردوں کے پاؤں دھونے کے بعد کہا، "کیونکہ مَیں نے تُم کو ایک نمُونہ دِکھایا ہے کہ جَیسا مَیں نے تُمہارے ساتھ کیا ہے تُم بھی کیا کرو" (یوحنا ۱۳:۱۵)۔ ہمیں اُس کی فروتنی کی مثال کی پیروی کرنی چاہیے، فلپیوں ۲:۳-۵۔ ہمیں اُس کے نقشِ قدم پر چلنا چاہیے "اور تُم اِسی کے لئے بُلائے گئے ہو کیونکہ مسِیح بھی تُمہارے واسطے دُکھ اُٹھا کر تُمہیں ایک نمُونہ دے گیا ہے تاکہ اُس کے نقشِ قدم پر چلو۔ (۱۔ پطرس ۲:۲۱)۔" ہمیں اِسی سے معلُوم ہوتا ہے کہ ہم اُس میں ہیں۔ جو کوئی یہ کہتا ہے کہ مَیں اُس میں قائم ہُوں تو چاہئے کہ یہ بھی اُسی طرح چلے جِس طرح وہ چلتا تھا" (۱۔ یوحنا ۲:۵-۶)۔

**ایک اِنتباہ۔** خُدا جھُوٹ نہیں بولتا، زبور ۱۱۹:۱۶۰۔ خُدا آپ کی ایسی رہنمائی نہیں کرے گا، یا آپ کو ایسا نہیں کہے گا کہ آپ اُس کے کلام کی نافرمانی کریں۔ یسُوع ہمیں لیس کرنے کے لیے رہنما دیتا ہے، اِفسیوں ۴:۱۱-۱۴۔ البتہ بہت سے جھُوٹے اُستاد ہیں، ۲۔ تیمتھیس ۴:۳-۴۔ کبھی یقین نہ کریں کہ خُدا آپ کو کہہ رہا ہے کہ اُس کے کلام کی نافرمانی کریں۔ خُدا ایسا نہیں کرے گا۔ اگر کلیسیا کا کوئی رہنما آپ کو خُدا کے کلام کی نافرمانی کرنے کو کہتا ہے، تو یہ ایک غلط تعلیم ہے۔

Urdu

**خُداکی انفرادی مرضی۔** خُدااِیمانداروں کے لیے اِنفرادی مرضی رکھتاہے، زبور ۳۲:۸، اَمثال ۳:۵-۶۔ خُداکی عمومی مرضی کی فرمانبرداری کریں۔ پھر اُس کی اِنفرادی مرضی کو سیکھنے کے لیے، خُداسے دلیری سے کہیں کہ وہ آپ کو بتائے۔ اُس کاجواب اُس کے کلام، اُس کی حکمت، اُس کے لوگوں اور اُس کے اِطمینان سے تلاش کریں۔

**مانگیں۔** داؤد کی دُعاکی طرح دُعامانگیں، "مُجھے سِکھا کہ تیری مرضی پر چلُوں" (زبور ۱۴۳:۱۰)۔ پولُس رسول نے کُلسے کے اِیمانداروں کے لئے دُعاکی تھی" اُس کی مرضی کے عِلم سے معمُور ہوجاؤ" (کُلسیوں ۱:۹)۔ اپنے لیے اور دُوسروں کے لیے آپ کی مخلصانہ دُعایہ ہونی چاہیے کہ وہ خُداکی مرضی کو جانیں اور اُس پر عمل کریں۔

**راہنمائی حاصل کریں۔** خُدااپنی اِنفرادی مرضی کو اپنے کلام، اپنی حکمت، اپنے لوگوں اور اپنے اِطمینان کے ذریعے ظاہر کرتاہے۔خُداسے کہیں کہ وہ آپ پر اپنی مرضی ظاہر کرے۔ وہ آپ کی دُعاؤں کاجواب اِن ذرائع سے دے گا۔

۱۔ اُس کا کلام۔ خُداکی اِنفرادی مرضی کو جانناباٸبل کے معمول کے مطالعہ کانتیجہ ہوتاہے۔ جب آپ خُداکے کلام سے حکمت اور سمجھ حاصل کرتے ہیں توآپ کے لیے اُس کی مرضی واضح ہوجاتی ہے۔ وہ کبھی بھی آپ کو اپنے کلام کے خلاف کچھ کرنے کی طرف نہیں لے جائے گا۔

۲۔ اُس کی حِکمت۔ خُداکی حکمت رُوحانی اطاعت سے آتی ہے، ۱-کرنتھیوں ۲:۱۴-۱۵۔ "اور اِس جہان کے ہم شکل نہ بنو بلکہ عقل نئی ہوجانے سے اپنی صُورت بدلتے جاؤ تاکہ خُداکی نیک اور پسندیدہ اور کامِل مرضی تجربہ سے معلُوم کرتے رہو" رُومیوں ۱۲:۲۔ خُداسے اُس کی حِکمت مانگیں، "لیکن اگر تُم میں سے کِسی میں حِکمت کی کمی ہو تو خُدا سے مانگے جو بغَیر ملامت کئے سب کو فیّاضی کے ساتھ دیتا ہے۔ اُس کو دی جائے گی" یعقوب ۱:۵۔

۳۔ اُس کے لوگ۔ خُداکے لوگ خُداکی مرضی کو سمجھنے کاذریعہ ہیں۔ وہ لوگ جو بولنے یا لکھنے کے ذریعے اُس کے کلام کی صحیح تعلیم دیتے ہیں وہ مدد کرسکتے ہیں، کُلسیوں ۱:۲۸۔ بالغ اِیمانداروں سے مشورہ لیناا چھا ہے۔ ایک سے زیادہ صلاح کار کاہوناایک اچھاخیال ہے، "صلاح کے بغَیر اِرادے پُورے نہیں ہوتے پر صلاح کاروں کی کثرت سے قیام پاتے ہیں" اَمثال ۱۵:۲۲۔ بالغ اِیمان والے بے چُوک نہیں ہوتے لیکن وہ آپ کو خُداکی مرضی کاتعین کرنے میں مدد کرنے کے لیے بامعنی بصیرت فراہم کرسکتے ہیں۔

۴۔ اُس کا اِطمینان۔ خُدا کااِطمینان اُس کی اِنفرادی مرضی کی حتمی تصدیق ہے، "مسیح کا اِطمینان۔۔۔تُمہارے دِلوں پر حکومت کرے" کُلسیوں ۳:۱۵۔ "تو خُدا کا اِطمینان جو سمجھ سے بِالکُل باہر ہے تُمہارے دِلوں اور خیالوں کو مسِیح یِسُوع میں محفُوظ رکھّے گا۔" فلپیوں ۴:۷۔ یہ اِطمینان خُداکی طرف سے عطاکردہ کسی فیصلے کے درست ہونے کاایک گہرا احساس ہے جو دُعا، باٸبل کے مطالعہ، رُوحانی حکمت اور رُوحانی طور پر بالغ صلاح کاروں کی بصیرت کے بعد حاصل ہوتاہے۔اُس کے اِطمینان کے طالب ہوں اور اِنتظار کریں۔

**عمل کریں۔** جب آپ اُس سے پوچھتے ہیں کہ اُس کی کوئی مرضی ہے تو جواب ہوسکتاہے "نہیں" جیسے پولُس کے ساتھ ہُواتھا، ۲-کرنتھیوں ۱۲:۷-۱۰۔ جواب ہوسکتاہے "اِنتظار کرو"۔ اُس کے "اِنتظار کرو" جواب کے نتیجہ میں بہت بڑی برکت ہوسکتی ہے، یسعیاہ ۴۰:۳۱۔ جب خُدا کاجواب "ہاں" ہے تو اُس کی مرضی پوری کریں خواہ وہ مشکل، غیرمقبول، یا مہنگی ہو۔ ہمیں اپنے دِلوں سے اُس کی مرضی پوری کرنے میں خُوشی ہونی چاہیے، زبور ۴۰:۸، اِفسیوں ۶:۵-۶۔ مسیحیت کے نام پر پڑھائے جانے والے جعلی جوابات سے ہوشیار رہیں۔ جب آپ کو یقین ہو کہ آپ خُداکی مرضی جان گئے ہیں تو اطاعت کریں۔

---

"مَیں خُداکی مرضی کو کیسے جانُوں؟" ©۲۰۲۶ بذریعہ جان ڈی مورس سوم، Acts One Eight کی معرفت شائع کیا گیاہے۔ آپ اِس کو آزادی سے پرنٹ، کاپی، پوسٹ، ای میل، یا میسج کر سکتے ہیں بشرطیکہ اِس کے مواد میں کوئی تبدیلی نہ کی جائے اور یہ مکمل بیان اِس میں شامل ہو۔ آپ صفحہ اوّل کے اُوپر کے حصے پر اپنی منسٹری، کلیسیا کانام یالوگولگاسکتے ہیں اور صفحہ نمبر دو کے نیچے موٹے لکیر کے اُوپر اپنی معلوماتِ رابطہ دے سکتے ہیں۔ WillofGod316.org صرف باٸبل پر مبنی ہے۔ یہ اِیمانداروں کو خُداکی مرضی معلوم کرنے میں مدد کے لئے ہے۔ آپ Acts One Eight کو (اگر ممکن ہو تو انگریزی میں) اِس پتے پر ای میل کر سکتے ہیں : Hello@Mail316.org۔ ترجمہ کی خِدمات www.ChristianLingua.com کی جانب سے فراہم کی گئی ہیں۔ مَیں خُداکی مرضی کو کیسے جانُوں؟ مُفت میں اڑتالیس زبانوں میں www.WillofGod316.org پر دستیاب ہے۔ اِس کتاب میں شامل تمام آیات نظرِ ثانی شدہ اُردو باٸبل مُقدّس© پاکستان باٸبل سوساٸٹی(۱۹۷۰-۲۰۱۰) سے لی گئی ہیں۔